# از دفتر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بنوں

## اشتہار نیلامی بذریعہ TMA (E-Auction) E/Baldia برائے سال 2026-27

بحوالہ چیئرمین لوکل کونسل بورڈ پشاور مراسلہ نمبر AOII/LCB/6-11/2026 مورخہ 07.05.2026 تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بنوں اپنے درج ذیل ٹھیکہ جات برائے سال 2026-27 برائے میعاد ایک سال از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 صوبائی حکومت کی پالیسی کے تحت بذریعہ E-Auction/E-Baldia آن لائن سسٹم کے ذریعے نیلام عام کرنا چاہتی ہے۔ شیڈول: 22/06/2026 تا 24/06/2026 بروز سوموار تا بدھ صبح 09:00 بجے سے شام 04:00 بجے تک۔

| نمبر شمار | نام ٹھیکہ | زر بیعانہ (سی ڈی آر) | شیڈول ایڈریس | ریمارکس |
|---|---|---|---|---|
| -01 | بھیڑ بکری منڈی | 300,000 | ایضاً | (اگر TMA بنوں نے اس دوران کوئی جگہ اپنی ملکیت لے لی اور TMA بنوں منڈی کو وہاں یا کسی اور جگہ شفٹ کرے تو ٹھیکیدار کو کوئی اعتراض نہیں ہوگا) |
| -02 | سائن بورڈ | 500,000 | ایضاً | |
| -03 | ذبح خانہ | 60,000 | ایضاً | |
| -04 | انٹری فیس | 100,000 | ایضاً | |
| -05 | مال گودام | 100,000 | ایضاً | |
| -06 | میلہ مویشیان غوریوالہ | 100,000 | ایضاً | |
| -07 | رکشہ سٹینڈ غوریوالہ | 20,000 | ایضاً | |
| -08 | میلہ مویشیان ہوید غورا | 100,000 | ایضاً | |
| -09 | گروپ لیٹرین بنوں سٹی | 100,000 | ایضاً | |
| -10 | فضل قادر شہید پارک | 1,000,000 | ایضاً | |
| -11 | مال منڈی پارک | 50,000 | ایضاً | |
| -12 | تہ بازاری | 250,000 | ایضاً | |
| -13 | مرغی منڈی | 50,000 | ایضاً | |
| -14 | مزری منڈی | 100,000 | ایضاً | (یہ ٹھیکہ پارکنگ عارضی بنیادوں پر صرف پلازہ کی تعمیراتی سرگرمیوں کے آغاز تک موثر العمل ہوگا۔ جس کے بعد کسی نوٹس کے بغیر خود بخود ختم تصور کیا جائے گا) |

### آن لائن اپلائی کے لیے شرائطِ نیلامی:

01۔ آن لائن بولی میں حصہ لینے کے لیے درج ذیل ویب سائٹ کا وزٹ کریں: https://cfmis.lgkp.gov.pk/auction/bidder/login/۔ 02۔ ای آکشن کا عمل مسلسل تین (03) ورکنگ دن یعنی پیر سے بدھ تک صبح 09:00 بجے سے شام 04:00 بجے تک جاری رہے گا۔ 03۔ ای آکشن میں حصہ لینے سے قبل 5% زر بیعانہ بصورت کال ڈیپازٹ بنام "تحصیل میونسپل آفیسر ٹی ایم اے بنوں" بنوائے گا اور بولی شروع ہونے سے 2 دن قبل اس کی تفصیل محکمہ لوکل گورنمنٹ الیکشن اینڈ رورل ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ خیبر پختونخوا کی ویب سائٹ پر انٹر/درج کر کے ای آکشن میں حصہ لینے کا مجاز ہوگا۔ نیز ہر ٹھیکہ کے لیے علیحدہ علیحدہ کال ڈیپازٹ بنوانا ہوگا۔ 04۔ اگر پہلی کوشش میں کوئی بولی موصول نہ ہو تو دوبارہ اشتہار جاری کیا جائے گا۔ یہ عمل اس وقت تک جاری رہے گا جب تک شق نمبر 5 کے مطابق گزشتہ سال کی آمدن/منظور شدہ بولی سے 10% اضافہ حاصل نہ ہو جائے۔ 05۔ ای آکشن کے اختتام پر کامیاب بولی دہندہ اگلے تین دن کے اندر اندر دفتری اوقات کار میں 5% سیکیورٹی اور 15% زر پیشگی ایڈوانس رقم مع مصدقہ کاپی رجسٹریشن وشناختی کارڈ دفتر میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ ناکامی کی صورت میں کامیاب دی گئی بولی منسوخ کی جائے گی اور جمع شدہ 5% سیکیورٹی کال ڈیپازٹ بحق TMA بنوں ضبط کی جائے گی۔ 06۔ یہ کہ ویب سائٹ پر درج کی گئی کال ڈیپازٹ سے متعلق تفصیل غلط یا جعلی ہونے کی صورت میں بولی دہندہ کو بلیک لسٹ کیا جائے گا۔ 07۔ یہ کہ کسی بھی بلدیاتی ادارے کا بقایادار یا فرم نیلامی میں حصہ لینے کا اہل نہیں ہوگا اور اگر بعد از E-Auction کامیاب بولی دہندہ نادہندہ ثابت ہوا تو اس کی بولی منسوخ اور زر بیعانہ بھی تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بنوں ضبط کرے گی۔ 08۔ کوئی بھی ٹھیکیدار یہ ٹھیکہ کسی دوسرے کو Sublet، ٹرانسفر یا تفویض نہیں کرے گا۔ ٹھیکہ واپس کرنے یا جاری نہ رکھنے کی صورت میں ٹھیکیدار سے کل رقم 100% اپنے Risk & Cost کے طور پر کاٹ دی جائے گی۔ 09۔ یہ کہ بولی دہندہ صوبائی حکومت کی لاگو شدہ تمام شرائط وضوابط کا پابند ہوگا۔ تمام قابل اطلاق وفاقی اور صوبائی ٹیکسز وغیرہ ٹھیکیدار خود برداشت کرے گا۔ 10۔ کسی بھی صورت میں معاہدہ کی رقم میں کوئی رعایت، کمی یا معافی نہیں دی جائے گی۔ 11۔ بولی دہندگان کے درمیان ملی بھگت، بولیوں میں ردوبدل یا سرکاری عملے کو متاثر کرنے کی کسی بھی کوشش کی صورت میں سخت قانونی کارروائی، نااہلی اور بلیک لسٹنگ کی جائے گی۔ 12۔ یہ کہ مجاز اتھارٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ معقول وجوہات کی بنا پر کسی ایک یا تمام بولیاں مسترد کر دے۔ نیز دیگر تفصیلات، شرائط وضوابط اور شیڈول وغیرہ بابت ٹھیکہ جات دفتری اوقات کار میں TO (Regulations) برانچ بنوں سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

INF(P)2690/26

**المشتہر: انچارج ریگولیشن برانچ، ٹی ایم اے بنوں بحکم تحصیل میونسپل آفیسر، ٹی ایم اے بنوں**

CamScanner